**PUNJAB EDUCATION, CURRICULUM, TRAINING & ASSESSMENT AUTHORITY**
**EXAMINATION 2025, GRADE - 8**
**URDU PART – A (Objective Type)**

**Model Paper**

**Part-A: 40 Marks, Part-B: 60 Marks, Total: 100 Marks**

| | |
|---|---|
| **Student Name (In Capital Letters)** | |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Roll Number (In Figures)** | | | - | | | | - | | | |

**Signature of Dy. Superintendent**------------------------------

| **For Official Use Only** | |
|---|---|
| **Total Marks MCQs** | |
| **Signature of Assistant** | |
| **Signature of Head Examiner** | |

**طلبہ کے لیے عمومی ہدایات:۔**

(1) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(2) ایک سوال کے ایک یا زیادہ حصے ہو سکتے ہیں۔

(3) جوابات لکھنے کے لیے کالا یا نیلا قلم استعمال کریں۔ پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

| وقت: 1 گھنٹہ | اُردو کثیر الانتخابی سوالات | کُل نمبر: 40 |
|---|---|---|

**اس پرچے میں چالیس (40) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال ایک (01) نمبر پر مشتمل ہے۔**

**سوال نمبر 1۔ فجائیہ کے درست استعمال والا جملہ ہے:**

(A) سبحان اللہ! کیا خوب نظارہ ہے۔
(B) سبحان اللہ! کیسی خوب صورت گائے ہے۔
(C) اچھا! یہ سڑک لاہور تک جاتی ہے۔
(D) اللہ اکبر! کیسا شدید طوفان ہے۔

**سوال نمبر 2۔ امن و امان والے معاشرے کے لیے ضرب المثل بولی جاتی ہے:**

(A) شیر اور گائے ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں۔
(B) شیر اور بکری ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں۔
(C) شیر اور بیل ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں۔
(D) شیر اور بھینس ایک گھاٹ پر پانی پیتے ہیں۔

**سوال نمبر 3۔ "یہ خوش۔۔۔۔۔باغ اسی کی کاری گری ہے۔" دیے گئے جملہ کے مطابق درست لاحقہ ہے:**

(A) باش
(B) کن
(C) بو
(D) نما

**سوال نمبر 4۔ "سورج مغرب کی طرف سفر کرتا ہے۔" اس جملے میں لفظ "طرف" کی درست جمع الجمع والا جملہ ہے:**

(A) قلعہ کے اطراف فوج کھڑی تھی۔
(B) قلعہ کی طرفین فوج کھڑی تھی۔
(C) قلعہ کے طرفوں فوج کھڑی تھی۔
(D) قلعہ کی طرفان فوج کھڑی تھی۔

**سوال نمبر 5۔ "ہاتھ سے جاتے ہوئے مال سے جو کچھ مل جائے اسے غنیمت سمجھا جاتا ہے۔" ایسے موقع پر بولی جانے والی کہاوت ہے:**

(A) پتھر کو جونک نہیں لگتی
(B) آم کے آم گٹھلیوں کے دام
(C) بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی
(D) سو سنار کی ایک لوہار کی

**سوال نمبر 6۔ "اکرم محنتی ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی جماعت کا ذہین ترین طالب علم ہے۔" اس جملے میں اسم صفت کا درجہ استعمال ہوا ہے:**

(A) صفتِ نفسی
(B) صفتِ بعض
(C) صفتِ کُل
(D) صفت مشبہ

PECTAA

**سوال نمبر7۔ درست الف بائی ترتیب ہے:**

(A) جنگل، جگ، جمیل، جمال

(B) کتاب، کلیم، کرسی، کپڑے

(C) سبق، سحر، سالم، سادہ

(D) داغ، دُنیا، دُہائی، دینا

**سوال نمبر8۔ "فاطمہ ایک ذہین طالبہ ہے۔ وہ ہر روز سکول جاتی ہے۔ اس کی تین سہیلیاں ہیں۔ وہ تینوں بھی محنتی طالبات ہیں۔" ان چاروں میں فاعل اور فعل کے استعمال والا جملہ ہے:**

(A) فاطمہ ایک ذہین طالبہ ہے۔

(B) وہ ہر روز سکول جاتی ہے۔

(C) اس کی تین سہیلیاں ہیں۔

(D) وہ تینوں بھی محنتی طالبات ہیں۔

**سوال نمبر9۔ متضاد الفاظ کے لحاظ سے درست جملہ ہے:**

(A) یہ مہم سر کرنا سہل نہیں دشوار ہے۔

(B) یہ بات ہر عاقل و دانا شخص سمجھ سکتا ہے۔

(C) بے لوث شخص کو تعریف و ستائش کی تمنا نہیں ہوتی۔

(D) اسلام کی آمد سے قبل ظلمت و تیرگی کا دور تھا۔

**سوال نمبر10۔ ضمائر کی تذکیر و تانیث کے مطابق درست جملہ ہے:**

(A) میرے دوست کا محل بڑی تھی۔

(B) ہم نے نماز پڑھ لیا ہے۔

(C) ہم تمھارے گھر گیا تھا۔

(D) میرا جوتا ٹوٹ گیا ہے۔

**سوال نمبر11۔ "ایک شاعر جنگل میں سفر کر رہا تھا۔ راستے میں اس نے ایک شیرنی، ایک مرغا اور کبوتر، کبوتری کا جوڑا دیکھا۔" اسمِ تذکیر کی درست فہرست ہے:**

(A) شاعر، شیرنی، مرغا

(B) شاعر، مرغا، شیرنی

(C) کبوتر، مرغا، شاعر

(D) شیرنی، کبوتری، شاعر

**سوال نمبر12۔ محاورہ مکمل کریں۔ بے گانی شادی میں۔۔۔۔ دیوانہ**

(A) عبداللہ

(B) اسداللہ

(C) انعام اللہ

(D) خلیل اللہ

**سوال نمبر13۔ "بے خطر کُود پڑا آتشِ نمرود میں عشق عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی" اس شعر میں تلمیح ہے:**

(A) بے خطر

(B) لبِ بام

(C) آتشِ نمرود

(D) عشق

**سوال نمبر14۔ الفاظ کی تکرار کے حوالے سے درست جملہ ہے:**

(A) ماہِ رمضان کا مہینا اسلامی تاریخ میں محترم ہے۔

(B) ماہِ رمضان اسلامی تاریخ میں بابرکت و محترم ہے۔

(C) ماہِ رمضان کا مہینا اسلامی تاریخ میں مقدس ہے۔

(D) ماہِ رمضان کا مہینا اسلامی تاریخ کا لازمی جزو ہے۔

**سوال نمبر15۔ "باغ" کے درست تلازمات ہیں:**

(A) پودے، پرندے، تتلیاں، درخت، پھول

(B) ڈاکٹر، نرس، ادویات، مریض، بیمار

(C) جنگل، شیر، ہرن، ہاتھی، لومڑی

(D) کاپی، پنسل، دوات، سیاہی، بستہ

**سوال نمبر16۔ عام بول چال والے الفاظ کے لحاظ سے درست جملہ ہے:**

(A) بچے "حیرانگی" سے ریچھ کا تماشا دیکھ رہے تھے۔

(B) عید کے دن "دوکان" پر بہت زیادہ بھیڑ تھی۔

(C) املا کی "درستی" اچھی تحریر کے لیے لازم ہے۔

(D) عام آدمی "سادی" سے رہنا پسند کرتا ہے۔

**سوال نمبر17۔ "پھل خریدے گئے۔" اس جملے کا فعل معروف میں درست جملہ ہے:**

(A) پھل خریدے جا رہے ہیں۔

(B) ہم نے پھل خریدے۔

(C) پھل خریدے جائیں گے۔

(D) پھل مہنگے خریدے گئے۔

**سوال نمبر18۔ "کام، کام اور بس کام" عبارت کا تعلق ہے:**

(A) کہاوت سے

(B) کہانی سے

(C) قول سے

(D) مضمون سے

PECTAA

**سوال نمبر19۔ فعل متعدی کے درست استعمال والا جملہ ہے:**

(A)خالد آیا۔ (B)عابد نے تصویر بنائی۔

(C)بچہ رویا۔ (D)امجد بھاگا۔

**سوال نمبر20۔ متشابہ الفاظ کے استعمال والا جملہ ہے:**

(A) محفل میں ذکر اور فکر کی قدر ہے۔ (B)بلند و بالا عمارت سے تاجر کی امارت جھلکتی ہے۔

(C)اُس آدمی کی عوام و خواص میں پذیرائی ہے۔ (D)ہمیں حلال و حرام کی پہچان ہونی چاہیے۔

**سوال نمبر21۔ لفظ "مستطیل" کا درست تلفظ ہے:**

(A)مُستَطِیل (B)مِستَطِیل

(C)مَستَطِیل (D)مُستَطِیل

**سوال نمبر22۔ مرکب جملے کی نشان دہی کریں:**

(A) آج تو موسم بہت ہی خوش گوار ہے۔ (B)نائلہ کو اپنی سہیلی کے خط کا انتظار ہے۔

(C)مجھے بخار تھا مگر میں فٹ بال کھیلنے چلا گیا۔ (D)نجیب روزانہ رات جلدی سو جاتا ہے۔

**سوال نمبر23۔ "خریدنا" فعل سے بننے والا درست فاعل ہے:**

(A)خرید (B)خریدا گیا

(C)خریدار (D)خریدو

**سوال نمبر24۔ "اسم ظرف زماں" کے درست استعمال والا جملہ ہے:**

(A)میں آج صبح چار بجے اُٹھا۔ (B)میں لاہور کا رہائشی ہوں۔

(C)سکول کے سامنے ایک پارک ہے۔ (D)پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

**سوال نمبر25۔ "ہر سال سیلاب کی وجہ سے کافی نقصان ہوتا ہے۔" سیلاب سے ہونے والے نقصان سے بچاؤ ممکن ہے:**

(A)سڑکیں بنا کر (B)پانی سے بجلی بنا کر

(C)ڈیم اور بیراج بنا کر (D)صحرا بنا کر

**سوال نمبر26۔ "درمان" کے ہم قافیہ الفاظ کی درست فہرست ہے:**

(A)عرفان، ارمان، ایمان، سامان (B)زمین، آسمان، کمان، سامان

(C)کامران، من، خراسان، ارمان (D)ملن، چلن، کرن، ہرن

**سوال نمبر27۔ "آپ کے ایک ہم جماعت کے گھریلو حالات خراب ہو گئے۔" آپ کا اس کے ساتھ رویہ ہو گا:**

(A)اُس کی ہر ممکن مدد کرنا۔ (B)جماعت میں ہنسی اُڑانا۔

(C)دوسرے بچوں کو بتانا۔ (D)ہمدردی کا اظہار کرنا۔

**سوال نمبر28۔ استعارہ کے درست استعمال والا جملہ ہے:**

(A)بچہ پھول جیسا نازک ہے۔ (B)وہ شیر کی طرح بہادر ہے۔

(C)ماں نے کہا: میرا چاند آیا۔ (D)میرا دوست شاہین کی مانند تیز ہے۔

**سوال نمبر29۔ لفظ "افراط" کے مترادف والا جملہ ہے:**

(A)پاک فوج نے بھارت کو شکست دی۔ (B)پاکستان میں آموں کی کثرت ہے۔

(C)ملکی ترقی میں برآمدات کا کردار اہم ہوتا ہے۔ (D)پاکستان میں شعبہ زراعت توجہ کا منتظر ہے۔

**سوال نمبر30۔ آپ نے اپنے دوست سے گھڑی اُدھار لی جو کہ خراب ہو گئی ہے۔ آپ اپنے دوست سے رویے کا اظہار کریں گے:**

(A)شکریے کا (B)ناراضی کا

(C)معذرت کا (D)خوشی کا

PECTAA

**درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوال نمبر 31 تا 35 کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔**

اپنے لیے تو جانور اور پرندے بھی جیتے ہیں۔ لیکن انسان کو اشرف المخلوقات اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ دوسروں کے درد کو بھی محسوس کرتا ہے۔ دوسروں کے درد کو محسوس کرنے والے ہی درحقیقت انسانیت کے منصب پر فائز ہو سکتے ہیں۔ وہ لوگ جن کا جینا مرنا دوسروں کے لیے ہو وہ عظمت کی بلندی کو چھو لیتے ہیں۔ ہم اپنے گردوپیش نظر دوڑائیں تو ہمیں ایسی شخصیات مل جاتی ہیں جن کو دیکھ کر انسان رشک کرتا ہے۔ مرحوم عبدالستار ایدھی، شہید حکیم محمد سعید، مادام رتھ فاؤ اور مدر ٹریسا کو آج دنیا اس لیے عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے کہ انھوں نے انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنایا اور لوگوں کے دکھوں کا درماں بننے کے لیے اپنا دن رات ایک کر دیا۔ اِسی وجہ سے آج بھی یہ شخصیات کروڑوں لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ ان شخصیات نے ثابت کیا کہ انسان صرف اپنے کام سے جانا جاتا ہے۔ اس لیے ہمیں اپنے اردگرد موجود لوگوں کی مدد کرنی چاہیے۔ غریب خاندانوں کی مالی مدد کر کے ان کی ضروریات پوری کی جاسکتی ہیں۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے ایسے بچے جو غربت کی وجہ سے سکول نہیں جاتے۔ ہم انھیں تعلیم دلوا کر معاشرے کے کارآمد شہری بنا سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 31۔ انسانیت کی خدمت کرنے والی شخصیات میں کئی اقدار موجود ہوتی ہیں سوائے:**

(A) خود غرضی　　(B) ضرورت مندوں کی مدد

(C) جذبۂ ہمدردی　　(D) دکھوں کا مداوا کرنا

**سوال نمبر 32۔ لفظ "کارآمد" سے مراد ہے:**

(A) محنتی　　(B) مفید

(C) ذہین　　(D) لاپروا

**سوال نمبر 33۔ عبارت کا مرکزی خیال ہے:**

(A) پہلے اپنی مدد کریں پھر دوسروں کی۔　　(B) بہترین انسان وہ ہے جو آسانیاں تقسیم کرے۔

(C) حاجت مند ہمیشہ لوگوں سے ہی مانگتے ہیں۔　　(D) ذمہ دار شہری تفریح میں مصروف رہتا ہے۔

**سوال نمبر 34۔ درحقیقت انسانیت کے عہدے پر مقرر ہیں:**

(A) عقل مند　　(B) ضرورت مند

(C) حاجت مند　　(D) دردمند

**سوال نمبر 35۔ بچوں کو معاشرے کا کارآمد رکن بنایا جاسکتا ہے:**

(A) تفریح سے　　(B) تعلیم سے

(C) موبائل سے　　(D) کھیلوں سے

**درج ذیل نظم پارے کو غور سے پڑھیں اور سوال نمبر 36 تا 40 کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔**

اٹھو قدم قدم سے ملاتے چلے چلو　　سب مل کے ایک راہ بناتے چلے چلو
منزل کی دھن میں جھومتے گاتے چلے چلو　　ہر مرحلے کو سہل بناتے چلے چلو

بن کر گھٹا فضاؤں پہ چھاتے چلے چلو　　ہر ہر قدم پہ دھوم مچاتے چلے چلو
تفریق رنگ ونسل مٹاتے چلے چلو　　انسانیت کی شان دکھاتے چلے چلو

آگے بڑھو رکو نہ کسی رہ گزار پر　　ہر دم سفر کا لطف اٹھاتے چلے چلو
مایوسیوں میں چھیڑ دو نغمے امید کے　　تاریکیوں میں جوت جگاتے چلے چلو

ٹوٹے ہوئے دلوں کو محبت سے جوڑ دو　　جوہر عمل کے اپنے دکھاتے چلے چلو
چمکو گگن کے تاروں کی صورت زمین پر　　تم آسماں زمیں کو بناتے چلے چلو

PECTAA

**سوال نمبر36۔ نظم میں لفظ "سہل" کے معنی ہیں:**

(A) آسان
(B) مشکل
(C) قیمتی شے
(D) بارش

**سوال نمبر37۔ نظم میں "پت جھڑ کی رت میں پھول کھلانا" سے شاعر کی مراد ہے:**

(A) خوشیوں کا انتظار
(B) مشکل حالات میں بھی اچھائی اور کام انجام دینا
(C) خزاں میں آرام کرنا
(D) قدرتی موسم کا ذکر

**سوال نمبر38۔ شاعر نے "ٹوٹے ہوئے دلوں کو محبت سے جوڑ دو" سے سبق دیا ہے:**

(A) دوسروں کی مدد اور محبت کرنا
(B) مایوسی پھیلانا
(C) اپنا کام صرف خود کرنا
(D) اپنے جذبات چھپانا

**سوال نمبر39۔ نظم میں سب سے زیادہ اجاگر کی گئی صفت ہے:**

(A) خوف اور حسد
(B) حوصلہ اور امید
(C) غصہ اور خوف
(D) حسد اور امید

**سوال نمبر40۔ نظم کے شاعر ہیں:**

(A) سعادت نظیرؔ
(B) فیض احمد فیضؔ
(C) اختر شیرانیؔ
(D) میر تقی میرؔ

PECTAA

**PUNJAB EDUCATION, CURRICULUM, TRAINING & ASSESSMENT AUTHORITY**
**EXAMINATION 2025, GRADE - 8**
**URDU PART – B (Subjective Type)**

**Model Paper**

**Part-A: 40 Marks, Part-B: 60 Marks, Total: 100 Marks**

| Student Name (In Capital Letters) | |
|---|---|

| Roll Number (In Figures) | | | - | | | | - | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Signature of Dy. Superintendent ----------------------

| Q. No. | Marks | Signature of Sub-Examiner | Signature of | |
|---|---|---|---|---|
| | | | Assistant | Head Examiner |
| 41 | | | | |
| 42 | | | | |
| 43 | | | | |
| 44 | | | | |
| 45 | | | | |
| Total | | | | |

For official use only

PECTAA

**طلبہ کے لیے عمومی ہدایات:۔**

(1) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(2) ایک سوال کے ایک یا زیادہ حصے ہوسکتے ہیں۔

(3) جوابات لکھنے کے لیے کالا یا نیلا قلم استعمال کریں۔ پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

| وقت: 2 گھنٹے | مختصر و انشائیہ سوالات | کُل نمبر: 60 |
|---|---|---|

## حصہ دوم (مختصر سوالات)

**سوال نمبر 41۔ درج ذیل میں سے کوئی سے دس سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔** **(کل نمبر 20)**

i. جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے اُسے صنفِ سخن میں کیا کہتے ہیں؟

ii. ”خاکِ درِ اقدس“ کا مفہوم بیان کریں۔

iii. ”حسِ لطیف“ سے کیا مراد ہے؟

iv. ثقافت کسے کہتے ہیں؟

v. ہم قدرتی آفات سے خود کو کیسے بچا سکتے ہیں؟ کوئی سے دو طریقے تحریر کریں۔

vi. ”کاٹو تو بدن میں لہو نہیں“ کا مفہوم لکھیں۔

vii. میجر شبیر شریف شہید کو کن دو اعزازات سے نوازا گیا؟

viii. درست اعراب کی مدد سے تلفظ واضح کیجیے۔ ثقافت، پہچان

ix. کھیلوں کے صحت پر ہونے والے دو اثرات تحریر کریں۔

x. موسم بہار کا منظر دو جملوں میں بیان کریں۔

xi. نظم ”درسِ عمل“ کے مطابق ”ہر مرحلے کو سہل بناتے چلو“ سے کیا مراد ہے؟

xii. ایک اچھا معاشرہ خواتین کو کس طرح کے حقوق دیتا ہے؟ مختصر بیان کریں۔

xiii. تلمیحات ”آبِ زم زم“ اور ”کوہِ طور“ کا تعلق کن نیک شخصیات سے ہے؟

**سوال نمبر42۔ درج ذیل جملوں کو توجہ سے پڑھیں اور کوئی سے پانچ غلط جملوں کو درست کر کے لکھیں۔** **(کل نمبر10)**

i. سیلاب ایک قدرتی عافت ہے۔

ii. جی نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

iii. اسلم نے لاہور جانا ہے۔

iv. میرے گھر کے پاس ایک دوکان ہے۔

v. بیماریاں انسانی صحت کے لیے خترہ ہیں۔

vi. اچھی حکمت عملی سے نقسانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

vii. فلاہی ادارے عوام کی خدمت کرتے ہیں۔

## حصہ سوم (انشائیہ سوالات)

**سوال نمبر43۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ سبق کے مصنف کا نام بھی تحریر کریں۔** **(کل نمبر10)**

**(الف) میجر شبیر شریف شہید (ب) خواتین کا احترام اور مقام**

**سوال نمبر44۔ اپنے دوست کے نام امتحان میں کامیابی کی مبارک باد کے لیے خط لکھیں۔** **(کل نمبر10)**

**یا**

**"جیسا کرو گے ویسا بھرو گے" کے عنوان پر کہانی لکھیں۔**

**سوال نمبر45۔ کسی ایک موضوع پر کم از کم 200 الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔** **(کل نمبر10)**

**(الف) وقت کی پابندی (ب) علم کے فائدے**